# 33746 ـ اجتماعی تلبیہ کہنا

**سوال**

کیا حجاج کرام کا بیک آواز ہوکرتلبیہ کہنا سنت ہے یا کہ ہرشخص کا علیحدہ علیحدہ تلبیہ کہنا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے اجتماعی تلبیہ کہنا ثابت نہیں ہے ، بلکہ انس بن مالک رضي اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہيں ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ( یعنی حجۃ الوداع میں ) تھے توہم میں سے کچھ تکبریں کہنے والے تھے اورکچھ لاالہ الااللہ کہنےوالے اورکچھ تلبیہ کہنے والے تھے ۔

تومسلمانوں کے لیے بھی یہی مشروع ہے کہ ہرایک خود ہی تلبیہ کہے اوراس کا کسی دوسرے سے تعلق نہیں ہونا چاہیے ( یعنی اجتماعی تلبیہ نہیں کہنا چاہیے ) ۔

واللہ اعلم .